☆☆☆☆

Inter - (Part-I)-A- 2022

Roll No. ______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

RWP-G2-22

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. "کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" یہ مثال ہے:
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کنایہ

2. استعارہ کس عربی لفظ سے مشتق ہے؟
(A) استعار (B) اتعار (C) مستعار (D) مستعارہ

3. غزل یا قصیدے کے جس شعر میں شاعر تخلص استعمال کرتا ہے ______ کہلاتا ہے:
(A) مطلع (B) مطلع ثانی (C) مقطع (D) ردیف

4. مطلع بالعموم غزل یا قصیدے کا کون سا شعر ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

5. قافیہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) عبرانی

6. قافیہ کس لفظ سے مشتق ہے؟
(A) قاف (B) قافی (C) قفو (D) قافیے

7. غزل کے ہم آواز اور ہم وزن الفاظ کو کہتے ہیں:
(A) ردیف (B) مطلع (C) مقطع (D) قافیہ

8. پولیس نے گشت ______۔
(A) کی (B) کیا (C) کیے (D) کیں

9. یہ موٹر ______ ہے۔
(A) نئی (B) نیا (C) نئے (D) نیو

10. یہ اردو ______ لغت ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

11. گھر کسی عورت ______ سلطنت ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

12. میرے سر میں درد ہو ______ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہو

13. حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا:
(A) رضیہ (B) رقیہ (C) سکینہ (D) مینا

14. نوجوان نے کس رنگ کا فلیٹ ہیٹ پہن رکھا تھا؟
(A) سرخ (B) سبز (C) سیاہ (D) نیلا

15. اچھن کا باپ دن اور رات میں ______ بیڑیاں پیتا تھا۔
(A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

16. دلی شہر میں گورے کی اجازت کے بغیر داخل ہونے والے کو ______ بید لگتے تھے۔
(A) دو دو (B) چار چار (C) پانچ پانچ (D) دس دس

17. پنجاب کتنے دریاؤں کی سرزمین ہے؟
(A) تین (B) چھ (C) دس (D) پانچ

18. ______ تشبیہ ہے۔
(A) پھول جیسا بچہ (B) لاڈلا بچہ (C) پیارا بچہ (D) بگڑا بچہ

19. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے:
(A) دو (B) تین (C) پانچ (D) چھ

20. تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) پنجابی (D) ہندی

www.eduvision.edu.pk

Inter - (Part-I) -A-2022

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے | حصّہ اوّل | RWP-G2-22 | نمبر: 80

**2. (الف)** درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+4+4

تُو مقصدِ تخلیق ہے، تُو حاصلِ ایماں
جو تجھ سے گریزاں، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآن ہی قرآن

**(ب)** درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+3x3

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## حصّہ دوم

**3.** سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) "یہ دنیا انسانی مزاجوں اور انسانی صلاحیتوں اور استعدادوں کے اختلاف کا نام ہے تو یقین کرو کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جامع شخصیت کے سوا اس کا کوئی آخری اور دائمی اور عالم گیر راہنما نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اعلان فرمایا کہ: "اگر تمھیں خدا کی محبت کا دعویٰ ہے تو آؤ میری پیروی کرو، اللہ بھی تم سے محبت کرے گا"۔

(ب) "آنسوؤں سے بھیگا ہوا، بچوں کی طرح گول گول سرخ چہرہ لیے فیکا اٹھا اور بولا: "بابو جی! کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ میں شکریہ ادا کروں تو کیسے کروں"۔ میرا ابا ٹھیک ہو گیا ہے۔ اس کی دونوں آنکھیں ٹھیک ہو گئی ہیں۔ اُسے بینائی اللہ نے دی ہے اور آپ نے دی ہے۔ آپ نے مجھے خرید لیا ہے بابو جی! قسم خدا کی میں عمر بھر آپ کا نوکر رہوں گا"۔

**4.** درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). اپنی مدد آپ (ii). دوستی کا پھل

**5.** مولانا ظفر علی خان کی نظم "مستقبل کی جھلک" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

**6.** دو طلبا کے درمیان "کورونا وبا کی حفاظتی تدابیر" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں منعقدہ سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

**7.** پرنسپل کے نام عمرہ کی ادائی کی رخصت کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

**8.** درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+8

اقبال مسلمان کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں، خودی ان کے کلام میں ایک اہم اصطلاح ہے خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔ انسان اپنی ذات کو پہچانے، اپنی حقیقت تک پہنچے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے۔ اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کا سراغ پالینا مشکل نہیں ہے۔ اقبال مسلمان میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے ہیں۔ عجز، کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرانا چاہتے ہیں اور ایسے ہی مسلمان کو جس کی خودی بیدار ہو گئی ہو، اسے مردِ مومن کہتے ہیں۔

804-11-A-38940

www.eduvision.edu.pk